**26.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن

Music

.................................................................

☆ بھارت-سنگاپور وزارتی گول میز میں ڈیجیٹلائیزیشن اور مہارت کی فروغ سمیت شناخت شدہ چھ ستونوں پر تبادلۂ خیال کیا تاکہ ابھرتے ہوئے شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھایا جاسکے۔

☆ وزارتِ داخلہ نے لداخ انتظامیہ سے پانچ نئے اضلاع کی تشکیل سے تعلق رکھنے والے پہلوؤں کا جائزہ لینے کیلئے ایک کمیٹی کی تشکیل کرنے کو کہا ہے۔

☆ ملک بھر میں تمام مندر کرشن جنم اشٹمی منانے کیلئے تیار ہیں۔ عقیدتمند پوجا اَرچنا کیلئے بڑی تعداد میں مندروں میں جمع ہو رہے ہیں۔

☆ جاپان میں ہائی الرٹ جاری ہے کیونکہ انتہائی طاقتور سمندری طوفان Shanshan مغربی حصے میں پہنچ رہاہے۔

☆ اور بھارت کے محکمۂ موسمیات نے گجرات، راجستھان اور مدھیہ مہاراشٹر کے حصوں میں انتہائی شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

.................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***India Singapore Round Table***

بھارت-سنگاپور دوسری وزارتی گول میز کانفرنس آج سنگاپور میں منعقد ہوئی۔ دونوں فریقوں نے ISMR کے تحت شناخت شدہ چھ ستونوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ اِن میں ڈیجیٹلائیزیشن، مہارت کی فروغ، پائیداری، صحت دیکھ بھال اور ادویہ نیز ایڈوانس مینوفیکچرنگ اور کنیکٹی ویٹی شامل ہیں۔ مرکزی وزراء نرملا سیتا رمن، ڈاکٹر ایس جے شنکر، اشونی ویشنو اور پیوش گوئل نے میٹنگ میں شرکت کی۔ سنگاپور کے وفد کی قیادت سنگاپور کے نائب وزیر اعظم Gan Kim Yong نے کی۔ میٹنگ کے دوران، لیڈروں نے بھارت اور سنگاپور کے درمیان، ابھرتے ہوئے اور مستقبل کے شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانے کے طریقوں پر زور دیا۔

لیڈروں نے آسیان اور جی-ٹوینٹی ترقیات سمیت علاقائی اور عالمی تعاون کے ساتھ ساتھ، دونوں ملکوں کے

درمیان سفارتی تعلقات کی 60ویں سالگرہ منانے کے منصوبوں پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ انھوں نے واضح کیا کہ ISMR کے پہلے دور کے دوران، تبادلۂ خیال کا نتیجہ مفاہمت ناموں کی کامیاب تکمیل پر ہوا۔ اِن مفاہمت ناموں میں صحت دیکھ بھال، تعلیم، مہارت کی ترقی، ڈیجیٹل تعاون اور سیمی کنڈکٹر، حیاتیاتی نظام کے تعاون کے مفاہمت نامے شامل ہیں۔اس سے قبل، بھارتی وزراء نے سنگاپور میں، سنگاپور کے صدر Tharman Shanmugaratnam اور سنگاپور کے وزیر اعظم Lawrence Wong سے ملاقات کی۔x

## MHA-Ladakh

مرکزی حکومت نے، مرکز کے زیر انتظام علاقے لداخ میں پانچ نئے اضلاع Zanskar، دراس، Sham، Nubra اور Changthang بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ آج سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ وزارتِ داخلہ نے، ایک ترقی یافتہ اور خوشحال لداخ بنانے کے وزیراعظم نریندر مودی کے وژن کے مطابق، مرکز کے زیر انتظام علاقے میں پانچ نئے اضلاع بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزارت نے نئے ضلع کی تشکیل سے تعلق رکھنے والے مختلف پہلوؤں تک رسائی کرنے کی غرض سے، لداخ انتظامیہ کو ایک کمیٹی تشکیل دینے کیلئے کہا ہے۔ اِن میں ہیڈکوارٹرس، سرحدیں، ڈھانچہ، عہدوں کا وضع کرنا اور ضلعوں کی تشکیل سے تعلق رکھنے والے دیگر پہلو شامل ہیں۔ وزارت نے انتظامیہ سے اپنی رپورٹ تین مہینے کے اندر اندر پیش کرنے کیلئے بھی کہا ہے۔x

## Rev Janmasthtami

بھگوان کرشن کی پیدائش، جنم اشٹمی آج پورے ملک میں نہایت عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ اترپردیش میں Braj کے پورے علاقے میں مندروں اور گھروں کو رنگارنگ جھانکیوں کے ساتھ سجایا گیا ہے۔

ایک رپورٹ ...

VC - Aditi - Janmashtami

شری کرشن کی پیدائش جنم اشٹمی ، اترپردیش میں نہایت عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ دیر رات ریاست بھر کے مندروں اور گھروں میں بھگوان کرشن کی رسمی پیدائش کا رسم و رواج کے مطابق اہتمام کیا جائے گا۔ بھگوان کرشن کی جائے پیدائش، متھرا میں کل سے عقیدتمند کرشن جنم بھومی کی پوجا کررہے ہیں اور Braj علاقے کے تمام مندروں میں ''ہاتھی گھوڑا پالکی، جے کنہیا لال کی'' کا جاپ کر رہے ہیں۔ دنیا بھر سے لاکھوں عقیدتمند متھرا اور ورندا وِن کے بانکے بہاری، Dwarkadhish، پریم اور ISKCON مندروں میں جا رہے ہیں۔ ریاست کے تمام کرشن مندروں میں پوجا کی جارہی ہے، جن میں وارانسی کے Aadi Keshav مندر اور قدیم Baldau اور ہمیر پور کا رادھا کرشن مندر شامل ہے۔

Aditi رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں آسیہ میمونہ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے سبھی لوگوں کو اس موقع پر مبادکباد دی ہے۔

## Centre Public Grievance System

مرکز نے عوامی شکایات سے نمٹنے کیلئے جامع رہنما خطوط جاری کئے ہیں۔ اس کا مقصد شکایتوں کے ازالہ کو وقت مدتی، قابل رسائی اور بامقصد بنانا ہے۔ پرسنل، عوامی شکایات اور پنشن کی وزارت نے کہا کہ عوامی شکایت کے موثر ازالہ کیلئے رہنما خطوط کا مقصد، شہریوں کو بااختیار بنانا، عمل کو معمول کے مطابق بنانا، وسیع تر وضاحت پیدا کرنا اور عوامی شکایت کے ازالہ پر توجہ مرکوز کرنا ہے۔ شہری اپنی شکایات www.pgportal.gov پورٹل پر رجسٹر کرسکتے ہیں جو واحد ونڈو تجربے کے طور پر کام کرے گا۔x

## Jitendra Singh Biotech

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے زور دیا ہے کہ نئی بایو ای-3 پالیسی، بھارت کو آئندہ برسوں میں ایک عالمی لیڈر بنائے گی۔ نئی دلّی میں نئی بایو-اقتصادی پالیسی سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ نئی بایو ای-3 پالیسی، آب وہوا کی تبدیلی اور غیر-قابل تجدید وسائل کو کم کرنے جیسے عالمی چیلنجوں پر توجہ مرکوز کرنے کیلئے تیار کی گئی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ توقع ہے کہ یہ پالیسی، بایو پر مبنی مصنوعات کی فروغ کی حوصلہ افزائی نیز روزگار وضع کرنے کے مواقع میں توسیع کرے گی۔x

## WB Polygraph Test

RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال کے سابق پرنسپل کا Polygraph ٹیسٹ، کولکتہ کے CGO کمپلیکس میں کیا جارہا ہے۔ CBI، کولکتہ کے نظام پلیس دفتر میں، RG Kar میڈیکل کالج کے سابق میڈیکل سپرنٹنڈینٹ نیز وائس پرنسپل MSVP ڈاکٹر سنجے Vashist اور فارینسک ڈپارٹمنٹ کے ڈاکٹر Debashis Som سے تفتیش کر رہی ہے۔ اِسی دوران، BJP نے واضح کیا ہے کہ اُس نے کل کے ریاستی سکریٹیریٹ 'Nabanna Chalo' مارچ کیلئے نعرہ نہیں دیا ہے۔ Paschim Banga Chatra Samaj نے اِس مارچ کا اعلان کیا ہے۔ BJP نے کہا کہ وہ اِس مارچ اور ہر اُس اپیل کی حمایت کرتی ہے جو RG Kar میڈیکل کالج کے متاثر ہونے والوں کیلئے انصاف کا نعرہ دیتی ہے۔ کانگریس نے بھی کہا ہے کہ وہ انصاف کیلئے ریاست میں جاری احتجاج کی حمایت کرتی ہے۔ مغربی بنگال میں معاشرے کے تمام طبقات کی طرف سے احتجاج جاری ہیں۔ عوام 9 اگست کو میڈیکل کالج اور اسپتال میں دوسرے سال کی PGT ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کے ذمے دار افراد کیلئے مثالی سزا کا مطالبہ کر رہے ہیں۔x

## Indian Coast Guard

آج بھارتی کوسٹ گارڈ نے، ایک چیلنجنگ رات کے وقت تلاشی اور بچاؤ کی کارروائی کے دوران، مصیبت میں پھنسے MV-ITT Puma سے عملے کے 11 اراکین کو بچایا ہے۔ عام مالبردار بحری جہاز، جو ممبئی میں رجسٹرڈ ہے، کلکتے سے پورٹ بلیئر جارہا تھا، جب یہ مغربی بنگال کے ساگر جزیرے کے نزدیک مبینہ طور پر ڈوب گیا۔x

## Chhattisgarh 25 Maoists Surrendered

آج چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں 25 ماؤ نوازوں نے خود سپردگی کی ہے۔ انہوں نے پولیس کے ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ اور CRPF کے DIG کے سامنے ہتھیار ڈالے۔ اِن ماؤ نوازوں پر کُل 29 لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ اِن میں سے تین ماؤ نوازوں پر آٹھ - آٹھ لاکھ روپے، ایک ماؤ نواز پر تین لاکھ روپے، جبکہ دو دیگر ماؤ نوازوں پر ایک - ایک لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ پولیس کے سپرنٹنڈنٹ نے بتایا ہے کہ ہتھیار ڈالنے والے ماؤ نوازوں کو چھتیس گڑھ حکومت کی بازآباد کاری کی پالیسی کے تحت 25 - 25 ہزار روپے کی رقم فراہم کی گئی ہے۔ x

## Japan - Typhoon Shanshan

جاپان میں طوفان Shanshan کے مزید قریب آنے کی وجہ سے ہائی الرٹ جاری کردیا گیا ہے اور Shanshan طوفان ، منگل سے بدھ تک مغربی جاپان تک پہنچ سکتا ہے۔ جاپان کی موسمیات سے متعلق ایجنسی نے آج وارننگ جاری کرکے تیز آندھی ، اونچی سمندری لہروں اور شدید بارش کے پیش نظر شہریوں سے احتیاط برتنے کیلئے کہا ہے۔ جاپان کے محکمۂ موسمیات کے مطابق یہ طوفان اِس وقت جاپان کے Amami Oshima جزیرے کے نزدیک سمندر کے قریب پہنچ چکا ہے اور اس ہفتے کے آخر تک اس کے ایک بے حد طاقتور طوفان کی شکل اختیار کرنے کا خدشہ ہے۔ x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے شدید بارش کی وجہ سے گجرات ، راجستھان اور مدھیہ پردیش کے زیادہ تر حصوں میں آج ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے بتایا ہے کہ مدھیہ مہاراشٹر میں آج موسلادھار بارش ہوئی۔ سوراشٹر ، کچھ اور گجرات میں کل اِسی طرح تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔ مغربی مدھیہ پردیش، گوا، ساحلی کرناٹک اور جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں میں بھی آج رات تک اِسی طرح کے موسم کے حالات رہیں گے۔ x

## Gujarat - Rains

گجرات میں آج کئی اضلاع میں موسلادھار بارش سے معمول کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔ ریاست کی ڈیڑھ سو سے زیادہ تحصیلوں میں آج صبح سے ہلکی سے بہت بھاری بارش ہوئی ہے۔ اِس دوران وزیر اعلیٰ بھوپندر پٹیل نے سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے بھاؤ نگر، Dang، Morbi، Kutch سمیت ریاست کے بارش سے متاثرہ سات اضلاع کے ضلع کلکٹروں کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی ہے۔x

## Tripura Flood

تریپورہ میں ریاست کے سیلاب سے متاثرہ افراد کی مدد کرنے کیلئے بہت سی تنظیموں اور افراد کے شامل ہونے

کے ساتھ ہی راحت کارروائیاں تیز ہو رہی ہیں۔ مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے اعلان کیا ہے کہ اُن کی ریاست تریپورہ کو 20 کروڑ روپئے کی مالی امداد فراہم کرے گی۔ علاوہ ازیں، بہت سے طبی پیشہ ور افراد اور رضاکار تنظیمیں بھی متاثرہ افراد کی مدد کیلئے جانفشانی سے کام کر رہی ہیں۔ ابھی تک ریاست بھر میں ریاست کے محکمۂ صحت کے ذریعے 700 سے زیادہ طبی کیمپ لگائے جاچکے ہیں۔x

## WHO MPOX

عالمی صحت تنظیم نے MPOX کے مہلک پھیلاؤ کو روکنے کیلئے چھ مہینے کے ایک عالمی جامع اور جوابدہی منصوبے کا آغاز کیا ہے۔ اس منصوبے کا مقصد، مربوط عالمی علاقائی اور قومی کوششوں کے ذریعے MPOX وبا کی ایک سے دوسرے شخص میں منتقلی کو روکنا ہے۔ ستمبر 2024 سے فروری 2025 تک اِس منصوبے میں منتقلی کے سلسلے کو ختم کرنے کیلئے زیادہ خطرے سے دوچار لوگوں کیلئے جامع ٹیکہ کاری کی کوششیں شامل ہیں۔ اس کیلئے 135 ملین امریکی ڈالر کی فنڈنگ کی گئی ہے۔x

## Mumbai Goa Highway

مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے گنپتی میلے سے قبل ممبئی-گوا ہائی وے پر زیر التوا کام کا جائزہ لینے کیلئے آج رائے گڑھ ضلع میں مقامات کا دورہ کیا۔ اخبار نویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ شندے نے کہا کہ شاہراہ کی خراب اور نقصان زدہ حصوں کی مرمت کرنے کیلئے وہاں پر چار طرح کی ایڈوانس ٹیکنالوجیوں کا استعمال کیا جارہا ہے، جو گنپتی میلے کیلئے ریاست کے ساحلی اضلاع میں اپنے گاؤں کیلئے سفر کرنے والے افراد کیلئے پریشانیوں کو کم سے کم کریں گی۔ انھوں نے مزید بتایا کہ NHAI، ایم ایس آر ڈی سی اور PWD نیز دیگر کے حکام نے ہائی وے پر مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا ہے اور اُس کیلئے موثر حل استعمال کئے ہیں۔x

## Pak Gunman

پاکستان میں کوئٹہ سے تقریباً 317 کلومیٹر دور بلوچستان کے موسیٰ خیل ضلع میں مسلح افراد نے لوگوں کی شناخت کا پتہ لگانے کے بعد ٹرکوں اور بس مسافروں پر گولیاں چلائیں۔ اِس واقعے میں کم از کم 23 افراد مارے گئے۔ موسیٰ خیل کے اسسٹنٹ کمشنر نجیب کاکڑ کے مطابق مسلح افراد نے ضلعے میں بین صوبائی شاہراہ کی ناکہ بندی کردی تھی اور مسافروں کو ٹرکوں اور بسوں سے اُتار کر اُن کی شناخت کا پتہ لگانے کے بعد اُن پر گولیاں چلائیں۔ معلوم ہوا ہے کہ مرنے والے افراد کا تعلق پاکستان کے صوبۂ پنجاب سے تھا۔میڈیا رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ مسلح افراد نے 10 گاڑیوں کو بھی نذرِ آتش کردیا۔ پولیس حکام جائے حادثہ پر پہنچ گئے ہیں۔ x

## Russia Ukraine Attack

روس نے آج صبح پورے یوکرین میں بڑے پیمانے پر ڈرون اور میزائلوں کا حملہ کیا جو ایسا لگتاہے کہ توانائی

کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کیلئے کیا گیا۔ بڑے پیمانے پر میزائل اور ڈرون کے حملوں نے کیف سمیت یوکرین کے بہت سے شہروں کو نشانہ بنایا، جن کی وجہ سے بجلی کی سپلائی متاثر ہوئی اور دھماکے ہوئے۔ میڈیا کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ دھماکے میں تین افراد ہلاک ہوگئے۔کیف کے میئر Vitali Klitschko نے پہلے کہا کہ راجدھانی کے بہت سے ضلعوں میں بجلی نہیں تھی۔ دوسری جانب روس کے Belgorod پر یوکرین کے رات بھر کے ایک حملے کے دوران، پانچ افراد ہلاک جبکہ دیگر 13 زخمی ہوگئے۔x

## SAFF India Vs Bangladesh

SAFF U-20 چمپئن شپ جیتنے کی بھارت کی امیدیں آج ختم ہوگئیں کیونکہ بنگلہ دیش نے پینالٹی شوٹ آؤٹ میں بھارت کو ہرا دیا۔ نیپال کے شہر کٹھمنڈو میں ANFA کمپلیکس میں کھیلا گیا یہ میچ، پینالٹی شوٹ آؤٹ میں بھارت، بنگلہ دیش کے ذریعے تین کے مقابلے چار سے ہار گیا۔ دونوں ٹیمیں، فاضل وقت کے بعد ایک-ایک کے اسکور کے ساتھ برابر رہی تھیں۔x

## Paralympics Archer Sheetal Devi

ایشیائی پیرا گیمز کی طلائی تمغہ حاصل کرنے والی تیر انداز شیتل دیوی سے امید ہے کہ پیرس پیرالمپکس میں بھارت کیلئے طلائی تمغہ حاصل والی کھلاڑیوں میں سے ایک ہوں گی۔ جموں ضلع کی 17 سالہ تیرانداز ایک کمیاب جسمانی معذوری Phocomelia کے ساتھ پیدا ہوئی تھیں۔ وہ دنیا کی اوّلین اور واحد فعال خاتون تیرانداز ہیں جو بغیر بازوؤں کے مقابلے میں حصہ لے رہی ہیں۔ اس وقت شیتل دیوی، کمپاؤنڈ اوپن خواتین کے زمرے میں دنیا میں اوّل درجے کی کھلاڑی ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆